چنانکہ نزول جبرئیل از اعلی السموات در زمانہ قلیلہ بعید
نیست ہمچنین صعود آنحضرت چسان بعید میتواند
ثانیاً آنکہ در علم ہندسہ ثابت شدہ کہ نسبتِ قطر
بسوے دور ہمچو نسبتِ واحد است بہ ثلاثہ

اور ایک ساعت میں لوٹ آیا حضرت ابوبکر نے فرمایا کہ اگر
انہوں نے یہ فرمایا ہے تو سچ ہے اور اسیطرح انہوں نے ابوجہل جاہل کی
بات نہ مانی بلکہ رسول اللہ صلعم کی تصدیق کی اور آپکی
خدمت میں حاضر ہوکر دریافت کیا آنحضرت صلعم نے
فرمایا کہ آیا بےکم و کاست سچ سمجھو گے اور عقلِ جزوی کو
دخل تو نہ دوگے انہوں نے عرض کیا کہ میں تصدیق کیوں نہ
کرونگا حالانکہ یہ جانتا ہوں کہ خداوند تعالیٰ جبرئیل کو
آسمان سے زمین پر اتارنے میں قادر ہے باانیہمہ کہ وہ روحانی
ہیں اور اتر نہیں سکتے پس اگر آپکو آسمان پر لے گیا تو
کیا دشوار ہوا آنحضرت صلعم حضرت ابوبکر سے یہ باتیں
کر رہے تھے کہ حضرت جبرئیل اترے اور یہ آیت لائے کہ والذی
جاء بالصدق پس جائی بالصدق آنحضرت صلعم
ہوئے اور والذی صدق ابوبکر صدیق۔ اسی روز سے
انکا نام صدیق ہوگیا دوسرا شبہہ یہ کہ اتنی بڑی مسافت
ایسی کم مدت میں کیسے قطع ہوئی اسکا جواب کئی طرح سے ہے
اول یہ کہ جسطرح حضرت جبرئیل کا اترنا اعلی سموات سے کم مدت
میں بعید نہیں اسیطرح آپکا صعود کیسے بعید ہو سکتا ہے
دوسرے یہ کہ علم ہندسہ سے یہ امر ثابت ہے کہ قطر کی نسبت
دور کے ساتھ ایسی ہے کہ جیسے ایک کی نسبت تین

لے اور وہ شخص کہ سچائی کے ساتھ آیا اور اسکی تصدیق کی ۱۲ ؎ قطر باصطلاح علم ہندسہ وہ بیت اُس
خط کو کہتے ہیں جو درمیانِ دائرہ کھینچا جاوے اس طرح کہ وہ خط مرکز اور دائرہ پر گذر کر دائرہ کو نصف
نصف کر دے ۱۲ مترجم

وسعتہ پس نسبت آن نصف قطر است بہ نصف دور
واین نسبت بعینہا ہمچنانست و فلک از اول تا آخر
شب میگردد بہ نصف دور و صعود نبوی از مکہ تا فوق
سما باشد ثلثا نصف الدور او اقل و برین تقدیر خواہد بود
دلیل منتج للنزول والصعود۔ ثالثاً آنکہ کرہ شمس مثل
کرہ ارض ہست یکصد و شصت و سہ مرۃ و این کرہ طالع
میشود در زمان قلیل پس چگونہ صعود آنحضرت در زمان
قلیل بعید باشد۔ رابعاً آنکہ قصہ بلقیس آوردن تخت او
در طرفۃ العین منقول ہست بوجہ علم کتاب بود مراد او
پس آنحضرت کہ عالم قرآن مجید بود چسان ازین کم میتوانست
خامساً آنکہ حق تعالیٰ ابلیس را طاقت آن دادہ است کہ
قطع میکند از مشرق و مغرب در کمتر از لمحہ بہر اغوا و وسوسہ
پس شان نبوی را چہ توان کرد و گفت کہ آن خیر الخلائق
است۔ سادساً آنکہ مشہور ہست کہ بینندہ نمی بیند آفتاب را
مگر وقت خروج شعاع بصری و اتصالش بروی پس
لازم ہست بر اوشان کہ بگویند کہ ہرگاہ بکشائیم چشم را
و ببینیم زحل را پس برود شعاع بصر دران لحظہ لطیفہ از
ہمین راہ بسوی فلک زحل و رسد و باید و این میتواند
لاجرم آنحضرت چسان نروند در زمان قلیل بفوق سموات
سابعاً آنکہ حق تعالیٰ معراج ابراہیمی بیان فرمود کہ کذلک نری
ابراہیم ملکوت السموات والارض پس ہرگاہ

اور سات کے ساتھ پس اُسکی نسبت نصف قطر ہی نصف دور کے
ساتھ اور یہ نسبت بعینہا ایسی ہی ہے اور اول سے آخر شب تک
آسمان بہ نصف دور گھومتا ہے اور صعود نبوی مکہ سے آسمان
کے اوپر تک نصف دور کا دو ثلث ہوگا یا کم اور اس
صورت مین دلیل منتج نزول و صعود کی ہوگی تیسرے یہ
کہ کرہ شمس کرہ ارض کا ترسٹھ گنا ہے اور یہ کرہ بہت ہی
تھوڑی مدت مین طلوع ہوتا ہے لہذا آنحضرت کا صعود
زمان قلیل مین کیسے بعید ہو سکتا ہے۔ چوتھے یہ کہ قصہ بلقیس مین
جو ایک لمحہ مین تخت لانیکا ذکر ہے بوجہ انکو علم کتاب ہونیکے
تو آنحضرت صلعم جو عالم قرآن مجید تھے وہ اس سے کم کیسے
ہوسکتے ہین پانچوین یہ کہ حق تعالیٰ نے ابلیس کو یہ طاقت
دی ہے کہ وہ گمراہ کرنے کے لئے ایک لمحہ مین مشرق سے
مغرب پہنچ جاتا ہے تو بھلا شان نبوی صلعم کی متعلق کیا
خیال کیا جاسکتا ہے جو خیر الخلائق ہے چھٹے یہ کہ مشہور ہے کہ
دیکھنے والا آفتاب کو اسوقت تک نہین دیکھتا جبتک نظر
آنکھ سے نکلکر آفتاب سے مل نہین جاتی پس اُنپر یہ کہنا لازم ہے کہ جب
ہم آنکھ کھولکر زحل کو دیکھتے ہین تو نظر فوراً فلک زحل تک جاکر واپس
آجاتی ہے اور جب یہ ہوسکتا ہے تو پھر آنحضرت صلعم آسمانون پر
تھوڑی مدت مین اسطرح کیسے نہین جاسکتے تھے ساتوین یہ کہ
حق تعالیٰ نے معراج ابراہیمی کی متعلق فرمایا کہ اور ایسی ہی ہم نے
ابراہیم کو ملکوت آسمان و زمین دکھایا جب حضرت

قوی گردانید ابراہیم را که دیدند جمیع ملکوت چرا جائز نبود
که آنحضرت را آشنایہ نیز و کرامت فرماید که دریکدم با ماکن
بعید تشریف برند۔ شبہہ دیگر آنکہ این واقعہ در روز چرا
نشد جوابش آنکه شان او تعالیٰ شانہ ایست که یفعل ما
یشاء ویحکم ما یرید۔ و این حالت اگر بروز
بیشد تمیز صدیق از زندیق چگونہ مے گشت۔ شبہہ آخر لازم
می آید که درجرم آسمان فطور بشد جوابش آنکه مر آسمان را
بابہا اند که کشادہ میشوند باری و بند میشوند و حکمت معراج
آنست که روح وجسد مثل متضادین اند چه که روح سماویہ
علویہ نورانیہ است و بدن کثیف ظلمانی سفلی و اکثر
بر خلق غالب است کثافت بدن و ظلمت فلاجرم
القیت ارواحهم فی الاجساد لیکن حضرت
صلعم را روح غالب بود فلہذا چون صعود کرد روح
تابع آن شد جسد پس باید دانست که خلق تا میرند
از ثقل جسد خلاص نشوند اما محمد صلعم بعد از حیات
از کدورت جسد رستگاری دادند و لہذا حاصل شد او را
در دنیا آنچه دیگران را در آخرت باشد وبهذا المعنی
ظهر حیوته کانت موتنا فلہذا قال انك
میت فلما کانت موتا کان شرفها عن
موت الاجساد وکان نورا محضا فرقا والیه

جب حضرت ابراہیم کو کل ملکوت[۱] دیکھنے کی قوت دیگئی
تو کیا یہ ممکن نہیں کہ آنحضرت صلعم کو بھی ویسی ہی قوت
عطا فرمائی ہو جس سے آپ ایک گھڑی میں اماکن بعیدہ
تشریف لے گئے ہوں دوسرا شبہہ یہ کہ یہ واقعہ دن میں
کیوں نہیں ہوا اسکا جواب یہ ہے کہ خداوند تعالیٰ کی شان
یہ ہے کہ جو چاہتا ہے کرتا ہے اور جس چیز کا ارادہ کرتا ہے اسکا
حکم کرتا ہے یہ واقعہ اگر دن میں ہوتا تو صدیق کی زندیق سے
تمیز کیسے ہوتی ایک اور شبہہ یہ لازم آتا ہے کہ جرم آسمان میں فطور ہوتا اسکا جواب
یہ ہے کہ آسمانوں میں بھی دروازہ ہیں جو کھلتے اور بند ہوتے ہیں اور حکمت معراج
یہ ہے کہ روح و جسم مثل دو متضاد کے ہیں کیونکہ روح سماوی علوی
نورانی ہے اور بدن کثیف ظلمانی سفلی اور اکثروں پر کثافت ظلمت
جسم غالب ہے اسلئے انکی روحیں جسموں میں پھنسی پڑی ہوئی ہیں
مگر آنحضرت صلعم کی روح مبارک غالب تھی اسلئے جب آپکی روح
مبارک نے صعود فرمایا تو جسم اسکا تابع ہوگیا اور آدمی جبتک
مرتا نہیں جسم کی ثقل سے نجات نہیں پاتا مگر آنحضرت صلعم اپنی
زندگی میں کدورت جسمانی سے پاک تھے اسلئے آپکو اسی دنیا میں
وہ حاصل ہوا تھا جو اوروں کو آخرت میں ہوگا اور اسیطرح
ظاہر ہوئی آپکی حیات جو موت تھی اسی لئے فرمایا کہ تو مردہ ہے
پس جب آپکی حیات موت ہوئی تو اور اجساد کی موت پر اسکا شرف
ہوا اور آپ نور محض صرف تھے اور اسی طرف

[۱] ملکوت اصطلاح صوفیہ میں عالم معانی و عالم ارواح کو کہتے ہیں ۱۲

الاشارة بقوله اول ما خلق الله نوري
وقال لست كاحدكم اني ابيت عند ربي
يطعمني ويسقيني وتنام عيناي ولا ينام
قلبي فالحاصل ان آثار الروحانية كانت
غالبة في حقه وآثار الجسمانية مغلوبة
فلهذا السبب حصل ذلك الاسراء هذا
وباقی بسط اگر خواهی در رساله معراجیه امام رازی و منهاج
العلوی الی معراج النبوی ملا علی قاری باید دید و بدانکه
جمهور سلف و خلف یقین کلی دارند برانکه تمام سیر و عروج
آنحضرت از ابتدا تا انتها بروح و جسد در بیداری شد چنانچه
ابن عباس و جابر و انس و حذیفه و عمر ابن الخطاب و ابی هریره
و مالک بن صعصعه و ابن مسعود و غیرهم را همین مذهب
است از تابعین ضحاک و سعید ابن جبیر و قتاده و سعید
ابن المسیب و حسن و ابراهیم و مسروق و مجاهد و عکرمه و
ابن جریج و غیره و از آیات قرآنیه و احادیث صحیحه دلیل
مے آرند از انجمله آیه کریمه سبحان الذی اسری بعبده
است و اجماع است برانکه مراد از عبد درین آیت آنحضرت
صلعم است و درین آیت چند وجه تعظیمی اند یکے آنکه دلالت
میکند برانکه او تعالی مستحق تسبیح و تعظیم است در بودن
اینحالت عجیبه در یقظه و چون این را صله تسبیح خود گردانید
که سبحان الذی اسری بعبده لامحاله این سیر

آپکے اس ارشاد سے اشارہ ہے کہ پہلے جس چیز کو اللہ نے
پیدا کیا وہ میرا نور تھا اور فرمایا کہ مین تمہاری طرح
نہین ہون مین اپنے پروردگار کے پاس رہتا ہون
جو مجھکو کھلاتا پلاتا ہے اور میری آنکھین سوتی ہین اور میرا قلب
نہین سوتا خلاصہ یہ کہ آثار روحانیت آپ پر غالب تھے
اور آثار جسمانیت مغلوب اسی سبب سے آپکو یہ سیر حاصل ہوئی
زیادہ تفصیل اگر منظور ہو تو رسالہ معراجیہ امام رازی و
منہاج العلوی الی معراج النبوی ملا علی قاری دیکھنا
چاہیے جمہور سلف و خلف اسکا یقین رکھتے ہین کہ آنحضرت
صلعم کو ابتدا سے انتہا تک تمامی سیر و عروج روح و جسم سے
بیداری مین ہوئی چنانچہ حضرت ابن عباس و جابر و انس و حذیفہ
و عمر بن الخطاب و ابی ہریرہ و مالک ابن صعصعہ و ابن مسعود
و غیرہم کا اور تابعین مین ضحاک و سعید ابن جبیر و قتادہ
و سعید ابن المسیب و حسن و ابراہیم و مسروق و مجاہد و عکرمہ
و ابن جریج و غیرہم کا بھی یہی مذہب ہے اور وہ آیات قرآنیہ
و احادیث صحیحہ سے دلیل لاتے ہین از انجملہ آیہ کریمہ سبحان
الذی اسری بعبدہ اور اسپر اتفاق ہے کہ اس آیت مین عبد سے
آنحضرت صلعم مراد ہین اور اس آیت مین چند تعظیمی وجوہ ہین
اول یہ کہ جناب باری مستحق تعظیم و تسبیح ہے کیونکہ ایسی
عجیب بات بیداری مین ہوئی اور جب اس بات کو
اپنی تسبیح کا صلہ ٹھہرایا کہ سبحان الذی الخ لامحالہ یہ سیر

مخالف عادة باید تا فعل او دال بر کمال قدرت و جلال
باشد و حصول رویت در نوم از امور عجیبه نبود پس از
این تسبیح چگونه بود لیکن اسرا معه جسد در شب واحده الی
فوق السماوات عجیب و خارق عادت است لذا استحقاق
تسبیح بود فوجب حمله علیه دوم آنکه یهود و نصاری
دیده اند جنت و نار را در نوم و مقصود از آنکه این واقعه
شرح تعظیم حال محمدی باشد و اذا کان کذالک امتنع
حمله علی النوم و قول قائل که سبب تعظیم آنست که آنحضرت
این اشیا را در نوم دید بر رویة مطابقیه گویم این نیز از
امور عجیبه نبود چه مثل این رویا اکثرے میتوانند دید سوم آنکه
فرموده او تعالی اسرے بعبده والاسراء هو ذهاب
بدن الانسان فی اللیل لهذا اگر مجرد نوم بودے
اسرا چه فائده میداد و بعبده خود دلیل آنست که مراد از عبد
شخص و بدن باشد قال الله و انه لما قام عبد الله
وقال فی صفة المتقین و عباد الرحمن یمشون
علی الارض هونا و خود حجت این معراج حدیث مشهور
است و هو ما روی معمر عن الزهری عن عروة
انه قال لما اسرے رسول الله اصبح فاخبر الناس
فارتد به ناس ممن آمن و فتنوا به و کذبوا
و سعی ابو جهل الی ابی بکر قصة فیما سبق
ولو کان الذی ذکره رسول الله مجرد النوم

مخالف عادت ہونا چاہئے تاکہ اسکا فعل کمال قدرت و
جلال پر دلالت کرے اور خواب میں حصول رویت
کوئی عجیب بات نہیں لہذا وہ اس تسبیح کا سبب نہیں ہے
لیکن آسمانونکی سیر ایک ہی رات میں جسم کے ساتھ یہ البتہ عجیب
و غیر معمولی بات ہے اور اسیلئے حق مستحق تسبیح ہوا پس اسکا
حمل اسپر واجب آیا دوسرے یہ کہ یہود و نصاری نے جنت و
دوزخ خواب میں دیکھی تھی اور اس سے مقصود یہ تھا کہ آنحضرت کے
حال کی تعظیم اس واقعہ سے ہو جائے اور جب یہ ہے تو اسکا خواب پر
قیاس کرنا ممنوع ہے اور یہ کہنا کہ سبب تعظیم یہ ہے کہ آنحضرت صلعم
نے ان چیزونکو خواب میں اسطرح دیکھا جیسی کہ وہ در اصل میں ہیں
میرے نزدیک یہ بھی امر عجیب نہیں کیونکہ ایسے خواب اکثر لوگ دیکھتے
ہیں تیسرے یہ کہ حق تعالی نے اسرے بعبدہ فرمایا اسرا کے معنی ہیں
جسم انسان کے رات میں سفر کرنیکے لہذا اگر صرف خواب تھا تو
اسرا سے کیا فائدہ ہوتا بعبدہ خود اسکی دلیل ہے کہ عبد سے مراد
شخص و بدن ہے۔ اللہ نے فرمایا کہ اور بیشک جب بندہ خدا
کھڑا ہوا اور متقین کی صفت میں ارشاد ہے کہ اور رحمن کے بندے
زمین پر آہستہ چلتے ہیں اور خود معراج کی حجت یہ حدیث مشہور ہے
جو معمر نے زہری سے اور انہوں نے عروہ سے نقل کی ہے کہ انہوں نے کہا کہ جب
رسول اللہ صلعم نے سیر کی اور صبح ہوئی تو آپنے اسکی خبر لوگونکو دی تو بعض
لوگ جو آپ پر ایمان لائے تھے وہ مرتد ہو گئے اور فساد کیا اور آپکو
جھٹلایا اور ابو جہل حضرت ابوبکر کے پاس دوڑا گیا اور گذرا
جو کچھ گذرا اور جس امر کو رسول اللہ صلعم نے ذکر کیا اگر محض خواب ہوتا

لما وقعت الفتنة والارتداد والتکذیب
وازحضرت استادی سماعت دارم که این حدیث
معراجیه جسدی قوی است وهمین موجب رفعت
شان نبوی است صلعم ورنه درخواب بسیار اولیا را
دیدار الٰهی میسر آمده پس فضیلت آنحضرت حاصل
نخواهد شد بگفتن و اعتقاد کردن اینکه آنحضرت را بجسمه
معراج شد۔ و خدا را باین چشم ظاهر مشاهده فرمود

فائده معنی آیه دنی فتدلی فکان قاب قوسین

او ادنیٰ باید دانست که حضرت جعفر صادق میفرماید
که دنیٰ یعنی نزدیک شد آنحضرت به پروردگار خود
بے کیف فتدلی پس برداشت حجاب را واندران
حجاب رفت آنرا بدستور گذاشت آنجا ملکے مقرب را
گنجایش نبود و آنحضرت را از کسے ندید و آنحضرت
حجاب بنهایت طے فرمود حتی کان بین الحبیب والمحبوب
قاب قوسین و در شرح تعرف می نگارد که هرگاه
آنحضرت از جبرئیل جدا شد دیگر هفت مقام را طی فرمود
که جبرئیل از اول مقام آن هم خبر نداشت پس معنی این
آیه کریمه مشکل اند و بعضے ارباب حال مینویسند که
مراد از قوسین حاجبین اند یعنی از دو ابرو زیاده
قرب شد و ادنے عبارت است از سیاهی و سفیدی چشم

تو یہ فتنہ ارتداد و تکذیب ہوتا ہے میں نے اپنے حضرت استاد
سے سنا ہے کہ یہ حدیث معراج جسدی قوی ہے اور یہی سبب
علوِ شان آنحضرت صلعم ہے ورنہ خواب میں تو بہت سے
اولیا اللہ کو دیدار حق میسر ہوا ہے تو آنحضرت کی فضیلت
بلا اس کہنے اور اعتقاد کرنے کہ آپکو معراج جسدی حاصل
ہوئی اور آپنے خدا کو اسی ظاہری آنکھ سے مشاہدہ فرمایا
نہیں حاصل ہو سکتی۔ اب فائدہ معنی آیۃ دنی[له] فتدلی
الخ جاننا چاہیئے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام
فرماتے ہیں کہ دنے یعنی آنحضرت صلعم اپنے
پروردگار سے بے کیف نزدیک ہوئے فتدلی پس
حجاب اٹھایا اور اسمیں گئے اور اسکو بدستور چھوڑ دیا
وہاں کسی ملک مقرب کی گنجایش نہ تھی اور آنحضرت
صلعم کو پھر کسی نے نہ دیکھا اور آنحضرت صلعم نے بے انتہا
حجاب طے فرمائے یہانتک کہ حبیب و محبوب میں
دو کمانوں کی برابر فاصلہ رہگیا۔ شرح تعرف میں ہے
کہ جب آنحضرت صلعم جبرئیل سے جدا ہوئے تو سات مقام اور
طے کئے جسکے اول ہی مقام کی جبرئیل کو خبر نہ تھی پس اس
آیت کے معنی بیان کرنا مشکل ہیں بعض ارباب حال لکھتے ہیں
کہ قوسین سے حاجبین مراد ہیں یعنی دو ابرو سے زیادہ
قرب ہوا اور ادنے سے آنکھ کی سپیدی و سیاہی مراد ہے

له نزدیک ہوا اور اُترا پس پہنچے دو کمان کی مسافت تک یا اُس سے زیادہ نزدیک ۱۲

یعنی قرب حضرت در جناب الٰہی چنان بود کہ قرب
دو ابرو باہم بلکہ نزدیکتر ازین ہم چنانکہ سفیدی چشم
باسیاہی او آمیختہ میباشد و بعضے گفتہ اند ترک نفسہ
فی السماء فتدلی و ترک قلبہ فی سدرۃ
المنتہی و ترک روحہ بقاب قوسین
او ادنیٰ فبقی سرہ و ربہ یعنی گذاشت آنحضرت
نفس را بر آسمان و پیش شد و گذاشت دل مطہر را در
سدرۃ المنتہی و گذاشت روح را بر مقام قاب قوسین
او ادنیٰ و باقی ماند سر او و پروردگار او۔ و در تفسیر تیسیر
روایت است از ابن عباس کہ در تفسیر کریمہ مذکور
فرمود کہ فرق بود میان او و حق برابر ہر دو دست
یعنی قوسین بمعنی ذراعین است و قوس را ذراع
ازان گویند کہ قیاس کردہ میشود برو مزروع۔ نقل است
کہ کسے از ابو الحسن نوری معنی این آیۃ پرسید فرمود
آنجا کہ حقیقت جبرئیل را بار نبود بیچارہ نوری را چہ
حقیقت و کدام ہست کہ انکشاف این سر کند
و باز گفت دنے عقب بعد میشود اینجا بعد کجا و قاب
اشارت بمقدار ہست و مقدار اینجا در کدام شمار۔
و تدلے در مکان میشود آنجا مکان نے و فکان عبارت
از زمانہ است آنجا زمان نے و قوسین کنایہ از
مثال است و مثال را آنجا مثال نے و او کلمہ شک است

یعنی آپکا قرب حضرت حق سے ایسا تھا جیسے دو ابرو
ملے ہوی بلکہ اِس سے بھی زیادہ نزدیک جسطرح
آنکھ کی سفیدی سیاہی سے ملی ہوئی ہوتی ہو اور بعض
کہتے ہین کہ ترک نفسہ الخ یعنی آنحضرت صلعم نے
نفس آسمان پر چھوڑا اور قلب مطہر سدرۃ المنتہےٰ
مین اور روح اقدس قاب قوسین او ادنیٰ مین
پس آپکا سِر اور پروردگار باقی رہگیا تفسیر تیسیر مین
حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ اُنہون نے
اس آیت کی تفسیر مین فرمایا کہ آپکے اور حق کے
درمیان دو ہاتہ کا فاصلہ تہا یعنی قوسین ذراعین
کے معنی مین ہو قوس کو ذراع اسلئے کہتے ہین کہ
اُسپر مزروع قیاس کیا جاتا ہو۔ نقل ہو کہ کسی نے
حضرت ابو الحسن نوری سے اِس آیت کے معنی پوچھے
اُنہون نے فرمایا کہ جہان حقیقت جبرئیل کا دخل
نہین تو بیچارے نوری کی کیا حقیقت جو اس بھید کو
ظاہر کرے۔ پھر فرمایا کہ دنیٰ بعد کے بعد ہوتا ہو وہان
بُعد کہان اور قاب مقدار کا اشارہ ہو وہان
مقدار کس شمار مین اور تدلے امکان مین ہوتا ہی
وہان مکان نہین اور فکان زمانہ سے عبارت ہے
وہان زمانہ نہین اور قوسین مثال سے کنایہ ہے
مثال کی وہان مثال نہین اور او کلمۂ شک ہے

شک آنجا بیشک معدوم وادنے آمبالغہ است
میان ہر دو یعنی نزدیک تر و آنجا نزدیکتر را نزدیکی نی
این مقام از اظہار و بیان دور است و علم جمیع
خلایق در تفسیر این آیت معترف بقصور و حکمت در
ذکر قوسین اینست کہ ہرگاہ عرب باہم عہد می بستند
و میخواستند کہ باز آن عہد نشکنند پس ہر دو کمانہای
خود می آوردند و مساوی میکردند و یکدفعہ کمانہائے
خود را قبضہ گرفتہ یکساعت تیرے مے انداختند
تا معلوم میشد کہ این را بآن کس عہد مضبوط بستہ شد
کہ باز از ان برگشتگی متصور نے پس ازین آیت اشارت
است کہ حضرت را با حق اینقدر محبت است کہ ہر کہ
مقبول رسول اللہ شد او مقبول است او علی ہذا مردود او مردود چنانچہ
در کلام مجید بچند جا واقع است و بعضے میگویند کہ
دنے اشارت است از مقام نبوی و فتدلی اشارت
از مقام قلب و قاب قوسین از مقام روح و او ادنی
اشارت است از سر محمد درین چار مقام ذات و دل
و روح و سر ہر یک بمطلب خود رسیدند مثلاً ذات آن سرور
مطہر آنحضرت بمقام خدمت و دل در مقام محبت
و روح در مقام قربت و سر در مقام مشاہدہ است دیس
مسئلہ دوم معرفت کمال اشیا چگونہ است
از دیدن و شنیدن یا از غیر آن الجواب باید دانست

وہان شک یقینی معدوم اور ادنے دونون کے درمیان
مبالغہ ہے یعنی نہایت نزدیک اور وہان نہایت
نزدیک کی گنجایش نہین یہ مقام اظہار و بیان سے
دور ہے اور سب کا علم اس آیت کی تفسیر مین معترف بقصور
قوسین کے ذکر مین حکمت یہ ہے کہ جب اہل عرب آپسمین ایسا
معاہدہ کرنا چاہتے تھے جو پھر نہ ٹوٹے تو دونون شخص
اپنی اپنی کمانین ایک مین ملاکر ایک ساتھ تیراندازی
کرتے تھے تاکہ یہ معلوم ہو جاے کہ انکی آپسمین مضبوط معاہدہ
ہو گیا جو ٹوٹ نہین سکتا پس اس آیت سے یہ اشارہ
ہے کہ آنحضرت صلعم کو حضرت حق سے اسقدر
محبت ہے کہ جو آپکا مقبول ہے وہ حق کا مقبول
اسیطرح جو آپکا مردود ہے وہ اسکا مردود ہے چنانچہ کلام مجید
مین کئی جگہ واقع ہے اور بعض کہتے ہین کہ دنی
سے مقام نبوی اور فتدلی سے مقام قلب اور قاب
قوسین سے مقام روح اور ادنے سے سر محمدی
صلعم کی طرف اشارہ ہے ان چار مقام مین ذات و دل و
روح و سر ہر ایک اپنے مطلب پر پہنچے مثلاً ذات اقدس
آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مقام خدمت مین اور
دل مقام محبت مین اور روح مقام قرب اور سر مقام مشاہدہ مین ہے
دوسرا مسئلہ اشیا کی معرفت کیونکر حاصل ہوتی ہے
دیکھنے سننے سے یا اسکے علاوہ جواب جاننا چاہئے

که حقیقتِ اشیا پیشِ صوفیه تعینِ وجود است
در حضرتِ علم باعتبار شانی که آن شئ مظهر اوست
یا خود وجودِ متعین بهمان شئ در همان حضرت
و اشیاء موجوده عبارت اند از تعیناتِ وجود
باعتبار انصباغِ ظاهرِ وجود به آثار و احکامِ حقایق
ایشان یا خود وجودِ متعین بهمین اعتبارات بر وجهی
که حقایق همیشه در باطنِ وجود پنهان باشند و احکام
و آثارِ ایشان در ظاهرِ وجود پیدا زیرا که زوال صور
علمیه از باطنِ وجود محال است و الّا جهل لازم
آید تعالی عن ذلک علواً کبیراً ۵ مائیم
وجود و اعتباراتِ وجود ۞ در خارج علم عارض آن
وجود ۞ در پرده بظلمتِ عدم مستوریم ۞ ظاهر شد
عکس باز مرآتِ وجود ــ پس هر شئ بحسبِ حقیقت
وجود یا وجودِ متعین است یا تعینِ عارض مر وجود را
پس تعین صفتِ متعین است و صفت باعتبار
مفهوم اگرچه غیر است اما باعتبارِ وجود عینِ اوست
تغایر بحسبِ مفهوم و اتحاد باعتبارِ وجود است
چون اینقدر معلوم شد پس بدانکه این حقایق
اشیا اظلالِ صفاتِ حق اند و وجودِ خارج آنها

کہ حقیقتِ اشیا صوفیہ کے نزدیک حضرتِ علم مین وجود کا
تعین ہی باعتبار اس شان کے کہ وہ شے اُس کی مظہر ہی
یا خود وجود حضرتِ علم مین اُسی شئے کا تعین لیے ہوے ہی
اور اشیاء موجودہ سے مراد تعینات وجود ہین جنھون نے آثار
و احکام حقایق سے ظاہر وجود کا رنگ اختیار کیا ہو یا
خود وجود نے ان اعتبارات کا تعین اختیار کیا ہے
اسطرح پر کہ حقایق ہمیشہ باطن وجود مین پوشیدہ رہین
اور اُنکے آثار و احکام ظاہر وجود مین ظاہر ہون اسلئے
کہ باطن وجود سے صور علمیہ کا زوال محال ہے ورنہ جہل
لازم آتا ہے اور اللہ اس سے بزرگ ہے ہم ہیں وجود
و اعتبارات وجود الخ پس ہر چیز حقیقتاً وجود یا
وجود ہی جسنے تعین قبول کیا ہے یا تعین ہی جو وجود کو عارض
ہوا ہے لہٰذا تعین متعین کی صفت ہے اور صفت باعتبار
مفہوم اگرچہ غیر ہے لیکن باعتبارِ وجود اسکی عین
ہے ـ جتنا مفہوم پر جائیے اُتنی مغایرت ہے
اور جتنا وجود کا اعتبار کیجئے اُتنی عینیت
ہے ـ جب یہ معلوم ہو گیا تو جاننا چاہیے
کہ حقائق اشیاء جو صفاتِ حق کے
پرتو ہین اُنکا وجود خارجی

۱؎ حقائق جمع حقیقت۔ حقیقت لغتاً بمعنی اصل و ماہیت، ذات شئے ۱۲ [illegible]

منوط بعلل اربعه است فاعلی و صوری و مادی و غائی و ظهور کمال اینها بر ترتیب آثار است و حصول ثمرات نیز پس معرفت این اشیا بکمال در مرتبه اجمال سالک را به تجلی ذات حق در ضمن سیر بالله بعد مشاهدهٔ کثرت در وحدت حاصل میشود و بتفصیل به احاطه خواص و مبادی از قواعد حکمیه و کشفیه فرق اینقدر است که در چار جهات خواص نیز داخل تتمیم معرفت اند و در ذهنیات صرف ذهن و دیدن مراد صوفیه است از دریافت کماهی اشیا والله اعلم بالصواب

مسئله سوم حقیقت نسبت وجد چیست الجواب حقیقت وی آنست که نفس ناطقه در اصل فطرت بوجهی واقع شده است که بحالات مختلفه منصبغ میتواند شد چون شوق و نفرت و سخط و رضا و خوف و رجا بعضے از کیفیات قدسی و ملکی اند و بعضے نفسی و استعداد یکے را استعداد دیگر بحکم تنافی منطفی میسازد و هر یکے را اسباب است و مقدمات چون سالک باسباب کاسبه و مقدمات حالات الهیه یا ملکیه متمسک میشود نفس وی در استعداد آن قبیل قوت میگیرد ادنے محرکے که در عرف از ان حسابے بر نگیرند در نفس وی تاثیر بلیغ کند و گاہے آدمی طبید

وجود خارجی چار علتوں پر موقوف ہی فاعلی و صوری و مادی و غائی اور اُنکے کمال کا ظہور اور نتائج کا حصول ترتیب آثار پر ہی پس سالک کو ان اشیا کی معرفت کامل مرتبہ اجمال مین تجلی ذات حق سی سیر باللہ کے ضمن مین بعد مشاہدہ کثرت[1] در وحدت کے حاصل ہوتی ہی اور معرفت تفصیلی حکمت و کشف کے قواعد سے خواص و مبادی کو احاطہ کرنے سے (یعنی ازروی حکمت خواص اشیا کا احاطہ کرنا اور ازروی کشف ہر شی کا مبدا پہچاننا کہ حضرت علیہ اُسکا مین ثابت کیا ہی) فرق اسقدر ہی کہ ہر چار جہات (یعنی عالم فی الخارج) مین خواص بھی داخل تکمیل معرفت مین اور ذہنیات مین صرف ذہن دریافت حقیقت اشیا سے صوفیہ کی یہی مراد ہی

تیسرا مسئلہ نسبت وجد کی حقیقت کیا ہی۔ جواب اُسکی حقیقت یہ ہی کہ نفس ناطقہ فطرتًا ایسا واقع ہوا ہی کہ مختلف حالات سے رنگ قبول کر لیتا ہی جیسے شوق و نفرت و غصہ و رضا و خوف و رجا بعض کیفیتین قدسی و ملکی ہین اور بعض شیطانی ایک کی استعداد دوسرے کو بسبب مخالفت مٹا دیتی ہی اور ہر ایک کے اسباب و مقدمات ہین جب سالک باسباب کاسبہ و مقدمات الٰہیہ یا ملکیہ متمسک ہوتا ہی تو نفس اسیطرح کی استعداد سے قوت پکڑتا ہی اور ادنی محرک جسکا عرفًا کچھ بھی شمار نہو اُسکے نفس مین بہت اثر کرتا ہی اور کبھی آدمی جہد

[1] کثرت در وحدت یعنی ظہور اسما و صفات در ذات ۱۲ مترجم

وساکن النفس باشد و انطباع کیفیتی که در غایت نفاست
است در انجا امکان ندارد پس محتاج میشود بعشق عفیف
که شہوت وجماع را دران مدخل نباشد بلکه حرکات تناسب
وعبارات رنگین بیشتر تاثیر کند بقلب وے و در انمقام
از انس وصال بوحشت فراق و از انشراح اقبال
محبوب بانقباض اعراض وے وانچه بدین ماند یا
سماع شعرے رنگین مقرون بتالیف نغمات و ایقاعات
لاسیما انچه باستعارات عجیبه و قوافی غریبه بدیعه و اسالیب
شوق انگیز منجلی باشد و بطنین طنبور و رباب که بمنزله
شرب خمر است در ایراث سکر تا ازین جمله وقتا بعد وقت
بر نفس ناطقه کیفیتے فائض میشود و آن کیفیات ساعت
بساعت متصف میشود و آن بلادت بکلی زائل میگردد
اینست انچه جمهور اهل وجد بوے راغب شده اند
لیکن انچه شارع آنرا درین باب برائے ایشان اختیار
فرموده است استماع وعظ است و تلاوت قرآن
باتدبر معانی آن یا سوال در آیه رحمت و استعاذه
در عذاب و تسبیح در صفا بالجمله جمهور این نسبت غالباً
مشغوف اند بسماع و وجد و اهل فنا را ازهمین نسبت
منشعب میشود استعداد معارف جلیله که زبان
بشرح آن وافی نیست والله اعلم ـ

مسئله چهارم خدا کیست الجواب آنکه بخشنده

درست ہوتا ہی کہ کسی عمدہ کیفیت کا منطبع ہونا
اُسمین دشوار ہوتا ہی ایسا شخص پاک محبت کا جسمین
شہوت جماع کا دخل نہو محتاج ہوتا ہی بلکہ حرکات مناسب
وعبارات رنگین اُسکے قلب مین زائد اثر کرتے ہین
اِس مقام پر وصال کی اُنس اور فراق کی وحشت سے
اور اُس چاتی سی جو محبوب کے بمہربانی پیش آنے سے
پیدا ہو اور اُس ملال سی جو اُسکی نامہربانی سی ہو اور ایسی
ہی باتون سے یا کسی رنگین شعر کے سُننے سے جو دلکش نغمہ اور
عجیب استعارات شوق انگیز سے ادا کیا جاے یا محض طنبورہ
ورباب کی آواز سے جو سکر لانے مین بمنزلہ شراب کے ہی
وقتاً فوقتاً نفس ناطقہ پر ایک کیفیت طاری ہوتی ہی اور وہ اُن
کیفیتون سے گھڑی گھڑی متصف ہوتا ہی تب وہ بھدا پن
بالکل جاتا رہتا ہی یہی وہ چیز ہے جسکی طرف تمام اہل وجد
راغب ہوے ہین لیکن شارع علیہ السلام اُس بارہ مین
جو کچھ ان لوگون کے لئے تجویز فرمایا ہی وہ وعظ سُننا
اور کلام مجید معانی غور کرکے پڑھنا یا آیۃ رحمت پر سوال
اور آیۃ عذاب پر پناہ مانگنا ہی مگر تمام اصحاب نسبت وجد
سماع مین زائد منہمک ہین حضرات اہل فنا کو اسی نسبت سے
استعداد معارف جلیلہ پیدا ہوتی ہی جسکی شرح مین زبان
یاوری نہین دیتی ـ واللہ اعلم

چوتھا مسئلہ خدا کون ہی جواب خدا وہ ہی جسنے

آنفا این استفسار است و آن ننشئت قلت وجود بحت
و هستی صرف است در مرتبهٔ اطلاق نه آنرا شکلی است
و نه حدی و نه حصری و با اینهمه ظاهر شد و تجلی فرمود در مراتب
تنزلات بهر شکل و بهر حد و باوجود این ظهور و تجلیات متغیر
نشد از حقیقتی که بر آن بود پس فی حد ذاته واحد است
اگرچه در ملابس ظهور متعدد و متکثر شد و آن وجود حقیقت
جمیع موجودات است چیزیکه رائحه از هستی دارد ذهنًا یا
خارجًا ازان خالی نیست و مراد بوجود ما به الموجودیة است
نه معنی تحقق و حصول که از مصدریه اند و آن وجود من حیث الکنه
هرگز کسی را منکشف نشود و ادراک آن محال است عقلاً
و وهمًا و حسًا و قیاس را نیز دران راه نیست زیرا که اینهمه
حادث اند و حادث ادراک نکند مگر کنه حادث را
تعالی ذاته وصفاته عن الحدوث علوًا
کبیرًا و کسی که معرفت او را باعتبار کنه و حقیقت اراده نمود
وقت خود را ضائع کرده کذا فی التحفة المرسلة الی
النبی صلعم و نیز باید دانست که وجود مطلق من حیث
هو هو واحد است من جمیع الجهات نه خاص است و
نه عام و نه کلی و نه جزئی و نه جوهر و نه عرض بلکه در مراتب
کونیه ملتبس میشود بدین لباس ها و ملزوم میشود بدان لوازم
والله اعلم مسئله پنجم محمد رسول الله که آنرا حقیقت

سوال کے لئے گویائی عطا کی خواہ یہ کہو کہ وہ مرتبہ اطلاق
مین وجود بحت و ہستی صرف ہے نہ اُسکی کوئی شکل ہے اور نہ حد
و انتہا با اینہمہ اُسنے مراتب تنزلات مین ظاہر ہو کر ہر شکل
و ہر حد مین تجلی فرمائی اور باوجود اس ظہور و تجلیات کے
جیسا تہا ویسا رہا اپنی حدِ ذات مین واحد ہے اگرچہ مظاہر
مین متعدد و متکثر ہوا وہی وجود کل موجودات کی حقیقت ہے
اور کوئی چیز خواہ وہ وجودِ ذہنی رکہتی ہو یا خارجی اُس سے
خالی نہین ہے اور وجود سے ما بہ الموجودیت مراد ہے
نہ تحقق و حصول بمعنی مصدری اور وہ وجود من حیث الکنہ
ہرگز کسی پر منکشف نہین ہوتا اُسکا ادراک عقلًا و وہمًا
و حسًا محال ہے قیاس کا بہی وہان دخل نہین کیونکہ یہ
سب حادث ہین اور حادث بجز کنہ حادث کے اور کچھ
ادراک نہین کر سکتا حق تعالی کی ذات و صفات
حدوث سے بہت برتر ہے جسنے باعتبار کنہ حقیقت اُسکی
معرفت کا ارادہ کیا اُسنے اپنا وقت ضائع کیا ایسا ہی
تحفۂ مرسلہ مین ہے یہ بہی جاننا چاہئے کہ وجودِ مطلق من حیث
الہو ہو ہر طرح سے ایک ہے نہ خاص ہے نہ عام نہ کلی ہے
نہ جزئی نہ جوہر نہ عرض بلکہ مراتب[۱] کونیہ مین ان لباسون
سے ملتبس اور ان لوازم سے ملزوم ہوتا ہے واللہ اعلم

پانچوان مسئلہ

محمد رسول اللہ جنکو حقیقۃ ...

---

[۱] مراتب کونیہ یعنی مراتب وجود جو ... ہین ۱۲ [illegible]

محمدی گویند چیست **الجواب** حقیقت محمدی تعین اول واجبیست که منشاء آن گشته وان شئت قلت که حقیقت محمدی صورت اسم الله است که جامع جمیع اسماء الٰهیه است و اسم الله الجامع رب صورت محمدیہ است و از ہمان اسم جامع فیض است بر جمیع اسماء الٰہیہ لہٰذا ہمان حقیقت بصورت خارجیہ مربی صور عالم و بباطن خود مربی باطن عالم است زیراکه مظہر اسم اعظم است و باعتبار ہمین جامعیت مجمع البحرین و مظہر الخافقین گشته و مستحق خلافت حقه الٰہیه فهو مخزن کنز الوجود ومفتاح خزائن الجود ولنعم ما افاد فی القصیدة التائیة الفارضیة قدس الله سر ناظمها

ﻉ وانی وان کنت ابن آدم صورة ✤ فلی فیه معنی شاهد بابوتی یعنی اگرچه من بحسب صورت حسی و بدن عنصری خود پسر آدمم که ابو البشر است اما مرا از برائے من در روئے از روئے معنی گواہی است بر پدر بودن من و مراد آن گواه انتشار حقیقت آدم است از حقیقت وی صلعم و انتشار صورت وجودی آدم از صورت وجودی وے علیهما الصلوة والسلام اللّٰهم صلّ[1] علیه و علی اٰله قدر حسنه وجماله و ہمین سبب افضلیت وے صلعم بر جمیع انبیاء و مرسلین زیراکه

محمدی کہتے ہین کیا ہے **جواب** حقیقت محمدی تعین اول واجبی ہے جسکا منشا حب ہے خواہ یہ کہو کہ حقیقت محمدی اسم اللہ کی صورت ہے جو کل اسماء الٰہیہ کا جامع ہے اور اسم اللہ جامع صورت محمدیہ کا رب ہے اور اسی اسم جامع سے کل اسماء الٰہیہ مستفیض ہین لہٰذا وہی حقیقت بصورت خارجیہ صور عالم کی مربی اور اپنے باطن سے باطن عالم کا مربی ہے اسلئے کہ اسم اعظم کا مظہر ہے اسی جامعیت کے سبب سے آپ مجمع البحرین و مظہر الخافقین و مستحق خلافت حقه الٰہیه ہوے لہٰذا آپ مخزن خزانہ وجود و مفتاح خزانہ جود ہین کیا خوب ناظم قصیدہ تائیہ فارضیہ نے فرمایا ہے

وانی الخ

یعنی اگرچہ مین بحسب صورت حسی و جسم عنصری پسر آدم ہون۔ مگر میرے لئے میری ابوت کا گواہ معنا ان مین یہ ہے کہ حقیقت آدم کا منشاء آپ ہی کی حقیقت اور آنکی صورت وجودی کا منشاء آپ ہی کی صورت ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَیْهِ الخ

اسی سے لئے آپ کل انبیاء و مرسلین سے افضل اور آپ کا

[1] خدایا آپ پر اور آنکی اولاد پر بقدر آنکے حسن و جمال کے درود بھیج ۱۲

مرتبه وے محیط بجمیع مراتب انبیا است نبوت
وولایت اذ منها یتفرع المراتب کما
یتفرع من روحه الکلی الارواح هذا
والله یقول الحق وهو یهدی السبیل

مسئله ششم جبرئیل از کجا است الجواب
ادراک نسبت آن تعین حبی است مابین متعین ومتعینین
وہمین موجب رسالت جبرئیلی ہست پیش پیغمبران۔

مسئله ہفتم شب معراج آنحضرت را بر عرش بردند
یا عرش را نزد آنحضرت آوردند **الجواب** بر عرش
بردند زیرا که معامله واجب با خلق چون معامله خلق است
با یکدیگر لہذا آنحضرت را بر عرش بردند گو به نسبت رفعت
منزلت آنحضرت آوردن عرش و بردن آنحضرت
بالاے عرش ہر دو برابر اند لیکن چون در خلق رفعت
ہمین را گویند که کسے را از پستی به بلندی برند نه اینکه
بالا را فرو ترش آرند بلکه درین فرو تر آوردن بالا بالائی
بالا ساقط و باینہمه سقوط بالا گفتن بحسب عقل اجتماع
النقیضین است و شب معراج بالا بردن آنحضرت خود
از وے صلعم در کتب صحاح حدیث مثل مسلم وبخاری
که اصح الکتب بعد کتاب الله الباری است مرقوم است

مسئله ہشتم آنحضرت را از خلق چرا برگزیدند
وحبیب ساختند و نور او را با آدم نہادند و دیگران را

مرتبه تمام انبیا علیهم السلام کے مراتب نبوت و ولایت پر
محیط ہی۔ کیونکہ آپ ہی سے مراتب نکلے جسطرح
آپکی روح کلی سے ارواح نکلین۔ اور الله سچ
کہتا ہی اور وہی راستہ کی ہدایت کرتا ہی۔

چھٹا مسئله جبرئیل کہان سے ہین جواب
جبرئیل تعین حبی (یعنی حقیقت محمدی) کی اُس نسبت کے
ادراک کا نام ہی جو مابین تعین اختیار کرنیوالے اور اختیار
کیئے ہوئے تعین کے ہی اور رسالت جبرئیلی کا انبیاء
علیهم السلام کے پاس یہی سبب ہے۔

ساتوان مسئله آنحضرت صلعم کو شب معراج مین
عرش پر لیگئے یا عرش کو آپکے پاس لائے **جواب** عرش پر
لیگئے کیونکہ معامله واجب با خلق ویسا ہی ہی جیسے معامله
خلق باہمدیگر لہذا آپکو عرش پر لیگئے گو به نسبت آپکی اعلی مقام
کے عرش کو لانا اور عرش پر آپکو لیجانا دونون برابر ہین
مگر چونکه خلق مین رفعت اِسیکو کہتے ہین که کسیکو پستی سے بلندی پر
لیجائین نه یه که بلند کو پست کردین بلکه پست کرنے مین بلندی
بلندی ساقط ہوتی ہی اور باوجود سقوط بلند کہنا عقلاً
اجتماع النقیضین ہی اور شب معراج مین آنحضرت صلعم کو
عرش پر لیجانا خود آپسے کتب صحاح حدیث مین مثل مسلم وبخاری کے
جنکی شان مین اصح الکتب بعد کتاب الباری ہی موجود و مرقوم ہی۔

آٹھوان مسئله آنحضرت صلعم کو خلق سے کیون برگزیدہ کیا اور حبیب بنایا اور آپکے نور کو آدم مین
رکھکر دوسرون کو

محروم ساختند الجواب از برای آنکہ آنحضرت بوجہ
بودن تعین اول واجبی ہم اولی ہمہ اند وہم آخر ہمہ پس
ہرگاہ کہ سبقت وجودی بران حضرت ثابت نبود
چہ جای برگزیدگی کہ صفتی است بعد وجود و نقش تا نمود حبیب
ساختن ہمان تعین حبی است کہ در حدیث قدسی آمدہ
کنت کنزاً مخفیاً فاحببت ان اعرف وجواب
این سوال از جواب سوال دویم نیز واضح و مبرہن
میشود کما لا یخفی علی المتفطن لیکن چون بحث
از ذکر مراتب و حقیقت محب سبحانی و محبوب یزدانی
است اینجا ہم بتقریری لطیف ادا کردہ شد س
اعد ذکر نعمان لنا ان ذکرہ ھو المسک
ما کررتہ یتضوع و باز ہم سیری نیست فنقول
حضرات انبیا مخلوق اند از اسمای ذاتیہ حق و اولیا
از اسمای صفاتیہ او جل و علا و سید رسل مخلوق است
از ذات حق و ظہور حق درو سے بالذات است و
موسی ز ہوش رفت بیک پرتو صفات تو عین
ذات می نگری در تبسمی - لہذا متفرد و فائق آمد از
ہر کہ غیر اوست در تمامہ صفات و جمیع کمالات و
ہم ازین جہت دین او ناسخ ادیان است . و
عروج او فوق عرش است زیرا کہ ذات فوق
جمیع اسما است و بوجہ ہمین فردیت قطب العارفین

محروم کردیا جواب اسلئے کہ آنحضرت صلعم بوجہ
تعین اول واجب ہونے کے سب کے اول بھی ہیں
اور سب کے آخر بھی تو جب کسیکی سبقت وجودی بھی
آپ پر ثابت نہیں تو برگزیدگی جو صفت بعد الوجود
ہے کیسے ہوسکتی ہے اور حبیب بنانیکا منشا بھی وہی
تعین حبی ہے جیسا کہ حدیث قدسی ہے کہ میں خزانہ پوشیدہ
تھا پھر چاہا اپنے پہچانے جانیکو چاہا - اس سوال کا
جواب بھی دوسرے سوال کے جواب سے ظاہر ہوتا ہے
جو سمجھدار پر مخفی نہیں لیکن چونکہ بحث محب سبحانی و محبوب
یزدانی کے ذکر مراتب سے ہے لہذا یہان بھی بتقریر لطیف
بیان کی گئی ہے اعد ذکر النعمان کا ذکر پھر دوبارہ
بیان کر اسلئے کہ وہ مشک ہے جسقدر گھسی جائیگی خوشبو
دیگی پھر بھی سیری نہیں لہذا کہتا ہوں حضرات انبیا
اسماء ذاتیہ حق سے اور اولیا اللہ اسماء صفاتیہ سے اور
آنحضرت صلعم ذات حق سے مخلوق ہیں آپ میں حق کا
ظہور بالذات ہے موسی ز ہوش رفت الخ اسی لیے
آپ تمامی صفات و جمیع کمالات میں اپنے غیر سے یکتا
و فائق ہیں اور اسی لئے آپکا دین سب دینوں کا ناسخ اور
آپکا عروج عرش سے اوپر ہوا - کیونکہ
ذات کل اسماء کے مافوق ہے - اسی فردیت
کی وجہ سے قطب العارفین

و قرة عيون المحققين شيخ اكبر محي الدين ابن العربي
در كتاب فصوص الحكم ميفرمايد فص حكمة
فردية في كلمة محمدية ثم قال انما
كانت حكمته فردية لانه اكمل موجود
في هذا النوع الانساني ولهذا بدء به
الامر وختم فكان نبيا وآدم بين الماء
والطين ثم كان بنشأته العنصرية
خاتم النبيين انتهى قال المحقق القيصري
في شرحه انما كان اكمل موجود في هذا
النوع لان الانبياء صلوات الله عليهم
اجمعين اكمل هذا النوع وكل واحد
منهم مظهر لاسم كلي وجميع الكليات
داخل تحت الاسم الجامع الالهي
الذي هو مظهره فهو اكمل افراد هذا
النوع ولكونه اكمل الافراد بدء به
امر الوجود بايجاد روحه اولا وختم
به الرسالة آخرا فهو الذي ظهر بالصورة
الآدمية في المبدئية وهو الذي يظهر
بالصورة الخاتمية في هذا النوع انتهى

بالجمله حقيقت محمدي چون نزول كرد بوجود كوني
پيدا شد بوساطت وے صلعم عقول ونفوس

حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربی کتاب فصوص الحکم
مین فرماتے ہین کہ فص حکمت فردیہ کلمہ محمدیہ کے
بیان مین پھر فرماتے ہین کہ آپکی حکمت فردیہ تھی اسلئے
کہ آپ اس نوع انسانی کو اکمل موجود ہین اسی لئے
آپسے امر شروع ہوا اور آپ ہی پر ختم کیا گیا آپ
نبی جب تھے کہ آدم پانی اور مٹی مین تھے پھر آپ اپنے
نشأۃ عنصریہ سے خاتم النبیین ہوئے محقق قیصری
شرح فصوص مین لکھتے ہین کہ آپ اس نوع مین
اکمل موجود تھے اسلئے کہ انبیاء علیہم السلام اس نوع
کے اکمل ہین اور انمین سے ہر ایک اسم کلی کا مظہر تھا
اور کل کلیات اسم جامع کے ماتحت ہین جسکے آپ
مظہر ہین تو آپ اس نوع کے کامل فرد ہین اور نیز بسبب
آپکے اکمل الافراد ہونے کے امر وجود آپکے ایجاد روح
سے شروع ہوا - اور امر رسالت آخر
مین آپ پر ختم ہوا بلکہ آپ ہی بصورت
حضرت آدم ابتدا مین ظاہر ہوئے
اور آپ ہی بصورت خاتمیت اس نوع
مین ظاہر ہونگے انتہی -

بالجملہ حقیقت محمدی نے جب بوجود کونی تنزل
فرمایا تو آپکی وساطت سے عقول ونفوس

ولوح و قلم و عرش و کرسی و افلاک و کواکب
وارکان و معادن و نباتات و حیوانات و انسان
کہ نسخۂ جامعہ حقائق کونیہ است منتظم گشت بوکہ
کارخانہ وجود بترتیبی کہ در کلام عرفا و حکما واقع است
چنانچہ گفتہ اند کہ ترتیب وجودیت این موجودات
مثل ترتیب وجود اعداد است از واحد کہ اثنین
موجود نمیشود مگر بوجود واحد و ثلاثہ موجود نمیشود مگر
بوجود اثنین و اربعہ مگر بوجود ثلثہ و ہلم جرا پس موجود
نمیشود ہیچ عدد سے مگر بعد وجود ما قبل خود در
مرتبۂ خود و نہ موجود شدہ از واحد و یا اثنین و احد
عدد نیست زیرا کہ ہر عدد کہ ضرب کردہ شود در عدد
ازان عدد بیرون مے آید و اگر جمیع اعداد در واحد
ضرب کردہ شوند چیزے ازان بیرون نہ آید پس
عقل اول کہ عبارت است از حقیقت روح محمدی
اصل وجود تمام عالم است چہ عالم امر چہ عالم خلق
و واضح گشت کہ اوست اول وجود و آخر آن و اقرب
خلق بحق در بطون ذات و اعلیٰ و اکمل خلق در جہات
و ہمین مرجہ موعود و درجہ وسیلہ است و معنی وسیلہ
سبب است پس وے اول سبب وجود خلق
بود در ابتدا و سبب قرب ایشان خواہد بود در انتہا
پس حاصل گردید او را قرب معنوی و کامل گشت

ولوح و قلم و عرش و کرسی و افلاک و کواکب و ارکان
و معادن و نباتات و حیوانات اور انسان کہ نسخہ
جامعہ حقائق کونیہ ہی پیدا ہوئے اور کارخانہ وجود ایسے
جس ترتیب سے کہ کلام عرفا و حکما میں ہی منتظم ہوا چنانچہ
انہین کا قول ہی کہ ان موجودات کی ترتیب وجود ویسی
ویسی ہی جیسے واحد سے اعداد کی ترتیب وجود کہ
دو کا وجود بلا ایک کے اور تین کا بلا دو کے نہیں
ہو سکتا اسیطرح آخر تک تو کوئی عدد بلا وجود اپنے
ماقبل کے اپنے مرتبہ میں موجود نہیں ہوتا اور سب
اعداد ایک سے موجود ہوئے اور یا ایہمہ واحد عدد
نہین اسلئے کہ جو عدد دوسرے عدد مین ضرب دیا جاتا ہے
اُس سے جدید عدد حاصل ہوتا ہی اور اگر کل عدد
ایک مین ضرب دیے جائین تو اُس سے کوئی
عدد حاصل نہوگا۔ لہذا عقل اول یعنی حقیقت محمدی
تمام عالم کے وجود کی اصل ہے کیا عالم امر اور کیا
عالم خلق اور یہ واضح ہو گیا کہ آپ ہی اول وجود
و آخر وجود ہین اور بطون ذات مین بہ نسبت خلق کے
حق سے اقرب اور درجات مین اعلیٰ و اکمل اور یہی
سبب ہے آپکے درجہ وسیلہ کا وعدہ کیا گیا وسیلہ کے معنی
سبب کے ہین پس آپ جیسے ابتدا مین وجود خلق کا اول سبب تھے
ویسی انتہا مین انکے قرب کا آخر سبب ہونگے لہذا آپکو قرب معنوی حاصل

علو مکان و علو مکانت وگشت اکمل عالم وصفاً
و حالاً و اعظم ایشان صورتاً و معنی علیه من الصلوٰة
افضلها و من التحیات انمها و اکملها
ولنعم ما قیل سه تو با این جمال و خوبی بر طور اگر
خرامی ؛ ارنی بگوید آنکس که بگفت لن ترانی
و چه خوش فرموده است امام عبدالله یافعی در
مدح وے صلعم سه یا واحد الدهر یا عین الوجود و
ویا غیث الانام وهادی کل حیران ازین
تقریر واضح شد که قابلیت وے صلعم نسبت سائر
موجودات مثل قابلیت بحر است نسبت با نهار
و جداول و قطرات زیرا که وے صلعم مستفیض و مخلوق
اول و مفیض و موجد ثانی است و فیض اقدس ذاتی
بوے متوجه است بتوجه اول و از وے متوجه است
به بقیه مخلوقات بر قدر قوابل ایشان فهو الکل
والله کل الکل و نیز واضح گشت که وے صلعم نبی
الانبیا است علیه وعلیهم الصلوٰة والسلام و از ینجا
است اخذ میثاق از حضرات انبیا که ایمان آرند
بوے و نصرت دهند وی را کما فی قوله تعالیٰ
واذ اخذ الله میثاق النبیین لما
اتیتکم من کتاب وحکمة ثم جاءکم
رسول مصدق لما معکم لتؤمنن به

اور علو مکان و علو مکانت مین آپ کامل اور تمام
عالم سے وصفاً و حالاً و صورتاً و معناً اکمل و اعظم ہین
تو با این جمال و خوبی الخ کیا خوب حضرت امام
عبداللہ یافعی نے آپکی مدح مین فرمایا ہے سه
کہ اے یکتاے زمانہ اور اے ذات وجود اور اے
خلق کے فریاد رس اور اے حیرانون کے رہنما۔
اس تقریر سے یہ واضح ہوگیا کہ آپکی قابلیت بمقابلہ
تمامی موجودات ویسی ہے جیسے دریا نہرون
اور لہرون اور قطرون کے مقابلہ مین اس لئے
کہ آپ مستفیض و مخلوق اول و مفیض و موجد ثانی ہین
اور فیض اقدس ذاتی بتوجہ اول آپکی جانب متوجہ
ہے اور آپکے ذریعہ سے حسب قابلیت بقیہ مخلوقات پر
لہذا آپ کل ہین اور حق کل الکل اور یہ بھی واضح
ہوگیا کہ آپ نبی الانبیا ہین اسی لئے حضرات انبیا
علیہم السلام سے یہ عہد لیا گیا کہ آپ پر ایمان لائین
اور آپکو مدد دین جیسا کہ اس آیة سے ظاہر ہے۔
کہ اور جب اللہ نے نبیون سے عہد لیا
کہ جب تمکو کتاب وحکمت دیجائے پھر تمکو
رسول آئے جو تصدیق کرنے والا ہو
تمہارے پاس کی چیزون کا تو تم اسپر
ایمان لاؤ۔

ولتنصرنه پس نبوت جمیع انبیا علیهم السلام
مشروط بایمان ونصرت سید الانبیا است صلوٰۃ اللہ
وسلامہ علیہ وازینست کہ امت او خیر الامم است
وشهدا علیهم یوم القیامة قال الشارح المحقق
القیصری فی شرح فصوص الحکم فی الفص
الشیثی واعلم ان الانبیاء مظاهر امهات
اسماء الحق وهی داخلة فی الاسم الاعظم
الجامع ومظهر الحقیقة المحمدیة ولذلک
صارت امته خیر الامم وشهداء علیهم
یوم القیامة انتهٰی وباید دانست کہ مقام
حبی اعلے مقامات کمالیہ است لهذا آن سرور را
حبیب گفتند زیراکہ وے تعین اول حبی است کہ منشا
آن حب گشتہ وظهور جمیع حقائق بواسطہ حب است
پس اگر روح پاک محمدی نبودے واسطہ حبیب درمیان
نبودے کسے خدا را نشناختے کنت کنزاً مخفیاً
ولولاک لما خلقت الافلاک گواہ این مدعا است

اور آپکی مدد کرو تو کل انبیا علیهم السلام کی نبوت
آپ پر ایمان لانے اور آپ کو مدد دینے سے
مشروط ہے اسی لئے آپکی امت خیر الامم
اور امم سابقہ پر روز قیامت گواہ ہوگی۔
محقق قیصری نے شرح فصوص الحکم فص شیثی مین
لکھا ہی کہ انبیا مظاہر امہات اسماء حق ہین اور
وہ امہات اسم اعظم جامع ومظہر حقیقت محمدیہ
مین داخل ہین اسی لئے آپکی امت خیر الامم اور
انپر روز قیامت گواہ ہوگی۔ انتہٰی
چونکہ مقام حبی اعلے ترین مقامات کمالیہ ہے
اس لئے آپ کو حبیب کیا کیونکہ آپ
تعین اول حبی ہین جو اس حب کا منشا ہی
اور تمام حقائق کا ظہور بواسطہ حب ہی اگر روح
اقدس محمدی صلعم نہوتی اور حبیب کا واسطہ
درمیان نہوتا تو کوئی خدا کو نہ پہچانتا کنت کنزاً[1]
اور لولاک لما اس مدعا پر گواہ ہین ؎

خیر الورےٰ امام رسل مظہر دو کون	او از خدا و ہرچہ جز او ستے از و
او جان جملہ عالم وحق جان جان شما	حق را بغیر واسطہ او مجو

